بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حرف اول

ماہ اپریل میں مرکزی انجمن خدام القرآن کا انیسواں سالانہ اجتماع قرآن اکیڈمی لاہور میں منعقد ہُوا تھا۔ اس اجتماع کی رُوداد اور اُس موقع پر پیش کی جانے والی سالانہ رپورٹ اِس سے قبل 'حکمتِ قرآن' میں شائع کی جا چکی ہے۔ اور اس حوالے سے مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کا تعارف اور اس کی سرگرمیوں کا ایک اجمالی خاکہ قارئین کے سامنے آچکا ہے ۔۔ ان تمام چیزوں کی اشاعت سے جہاں یہ بات پیشِ نظر ہے کہ رفقاء و احباب اور قارئینِ کرام کو 'رجوع الی القرآن' کے میدان میں مرکزی انجمن کی پیش رفت سے آگاہی حاصل ہوتی رہے، وہیں اس سے مقصود یہ بھی ہے کہ احباب کو 'تعلّم و تعلیم قرآن' کے اس مبارک کام میں شرکت و معاونت پر آمادہ کیا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم اپنی نااہلی اور بے ذوقی کے باعث اِس میدان میں خواہ زیادہ پیش رفت نہ کر پائیں، اپنی جگہ یہ کام نہایت عظیم اور مبارک ہے، اور فی الواقع کرنے کا کام ہے ۔ باصلاحیت اور قابل لوگوں کے تعاون سے ہی اِس کام کی رفتار اور کوالٹی میں بہتری ممکن ہے۔ ہر شخص کو اپنی جگہ یہ سوچنا چاہیے کہ اس مبارک کام کے ساتھ وہ خود کتنا کچھ تعاون کر رہا ہے اور اپنی صلاحیتوں اور اوقات کا کتنا حصّہ اُس نے اِس کام کے لیے مختص کیا ہے۔

اِس ضمن میں مرکزی انجمن کے ناظمِ اعلیٰ کی جانب سے ایک مضمون زیرِ نظر شمارے میں شامل ہے جس میں انجمن کے پیشِ نظر علمی منصوبوں کا اجمالی ذکر بھی ہے، اور دعوتِ عمل بھی!